سفری دستاویز کیسے حاصل کیا جائے

آپ کے سفری دستاویزات **انفرادی** ہیں اور اگر آپ کو **پناہ گزین کی حیثیت یا ضمنی تحفظ فراہم کیا گیا ہے** تو آپ سفری دستاویزات حاصل کرسکتے ہیں

اگر آپ تسلیم شدہ پناہ گزین ہیں تو آپ کے اور آپ کے اہل خانہ کے سفری دستاویزات جاری ہونے کی تاریخ سے اگلے پانچ (5) سال تک آپ کے سفری دستاویزات کارآمد ہیں اوراگر آپ بالغ یا نابالغ ہیں جو چودہ (14) سال کی عمر تک پہنچ چکے ہیں تو یہ مدت درست ہے۔ اگر آپ کی عمر چودہ (14) سال سے کم ہے تو یہ مدت تین (3) سال کی ہے۔

سفری دستاویزات کے لئے درخواست دینے کا طریقہ :

پولیس پاسپورٹ دفتر (یا غیر ملکیوں کے دفتر) میں درخواست دیں۔ آپ جس علاقے میں رہتے ہیں اس لحاظ سے آپ پاسپورٹ کے دفتر کا انتخاب کریں گے اور پاسپورٹ دفتر میں آپ مندرجہ ذیل بیان کردہ دستاویزات / فیس اور درخواست جمع کریں گے جو آپ کو پاسپورٹ دفتر فراہم کرے گا اور مزید آپ اپنی انگلیوں کے نشانات بھی دیں گے۔

جب آپ درخواست دیتے ہیں توآپ کے پاس دکھانے کے لیےرہائشی اجازت نامہ (ΑΔΕΤ) ہونا ضروری ہے ورنہ آپ کو بین الاقوامی تحفظ کےدرخواست دہندگان کے کارڈ پر "اجازت نامہ زیر التواء" نشان لگا ہوا دکھا نا ہوگا

اپنے بچوں کے سفری دستاویزات کی درخواست دینے کے لیے آپ کو نیچے بیان کردہ انہیں دستاویزات / فیس کی ضرورت ہوگی۔ نیزاگر آپ کے بچوں کی عمر چھ (6) سال سے زیادہ ہے تو آپ کو انہیں انگلیوں کے نشانات کے لیے اپنے ساتھ پاسپورٹ دفتر لے کر جانا ہوگا

جب آپ معاونی دستاویزات جمع کرتے ہیں تو آپ کو پاسپورٹ دفتر سے ایک رسید دی جاتی ہے آپ کو یہ رسید گمانی نہیں ہے کیونکہ آپ کو اپنے سفری دستاویزات کی وصولی کے وقت ضرورت ہوگی۔

اگر آپ نے 30/05/2020 سے پہلے پناہ کے ادارےمیں سفری دستاویزات کے لئے درخواست دی تھی توآپ کو مذکورہ کے علاوہ پناہ کے ادارے کے فیصلے کوبھی پاسپورٹ کے دفتر میں جمع کروانا ہوگا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کے سفری دستاویزات کے لئے آپ کی درخواست منظور ہوچکی ہے۔
یہ دیکھنے کے لئے کہ اگر آپ کا فیصلہ آیا ہے یا نہیں آپ کو سفری دستاویزات کے فیصلوں کے اعلانات دیکھنا ہونگے۔ آپ کو یہاں پناہ کے ادارے کے اعلانات میں اپنے کیس نمبر کے ساتھ اپنا فیصلہ مل جائے گا۔ اگر آپ نے 2020/05/30 کے بعد درخواست دی ہے تو کوئی فیصلہ جاری نہیں ہوتا ہے اور آپ کو فیصلہ جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے

اس فہرست سے اپنی رہائش گاہ کی بنیاد پر پاسپورٹ دفتر کا ا نتخاب کریں

اگر آپ **تسلیم شدہ پناہ گزین** ہیں تو جو دستاویزات آپ اپنی درخواست کے ساتھ پاسپورٹ دفتر میں جمع کروائیں گے۔ :

- پاسپورٹ دفتر کے ذریعہ جاری کردہ سفری دستاویزات کے اجراء کے لئےدرخواست حلفیہ تحریر
- پناہ گزین کی حیثیت کے فیصلے کی نقل
- انفرادی قسم کے رہائشی اجازت نامے کے جاری ہونے کے فیصلے کی نقل
- حالیہ پاسپورٹ سائز دو تصاویر
- فیس (فیس جمع کروانے کے بارے میں معلومات پڑھیں)

اگر آپ **ضمنی تحفظ کے حقدار** ہیں تو یہ معاونی دستاویزات آپ اپنی درخواست کے ساتھ پاسپورٹ دفتر میں جمع کرائیں۔

- پاسپورٹ دفتر کے ذریعہ جاری کردہ سفری دستاویزات کے اجراء کے لئےدرخواست حلفیہ تحریر
- ضمنی تحفظ فراہم کرنے کے فیصلے کی نقل اس نوٹ کے ساتھ ہو کہ آپ یونانی ریاست کے ذریعہ TDV(سفری دستاویز) لینے کے حقدار ہیں۔ اگر اس فیصلے میں کوئی متعلقہ نوٹ نہیں ہے تو آپ کو ایک معقول دستاویز پیش کرنا ہوگا جو اپنے ملک کے حکام کے ذریعہ قومی پاسپورٹ جاری کرنے کو ناممکن ثابت کرے (جیسے کہ یونان میں آپ کے ملک کے سفارت خانے سے متعلقہ سند)۔
- انفرادی قسم کے رہائشی اجازت نامے کے جاری ہونے کے فیصلے کی نقل
- حالیہ پاسپورٹ سائز دو تصاویر
- فیس (فیس جمع کروانے کے بارے میں معلومات پڑھیں)

بچوں کے لیے درخواست کے متعلق دیگر مفید معلومات

- ✓ جب آپ اپنے شریک حیات کے ساتھ بچوں کی تحویل رکھتے ہیں اور آپ دونوں اپنے بچوں کی درخواست کے لیےپاسپورٹ دفتر میں موجود نہیں ہوسکتے توایک والدین کی موجودگی کافی ہے اگر آپ دوسرے کی تحریری رضامندی جمع کروائیں جو ایک سرکاری ادارے سے تصدیق شدہ ہو۔

- ✓ جب صرف آپ کے پاس اپنے بچوں کی مکمل تحویل ہے اور یہاں کوئی سرکاری دستاویز نہیں ہے جو مکمل واحد تحویل (مثلاً طلاق اور تحویل کی ادائگی ،صداقت نامہ فوتیدگی) کو ثابت کرے تو آپ کو اپنے بچے / بچوں کی درخواست کے لیے پاسپورٹ دفتر میں آرٹیکل 2 کا حصہ 6 مشترکہ وزارتی فیصلہ 10302 / گورنمنٹ گزٹ 30-5-2020 / B΄2036کے مطابق حلف نامہ داخل کرنا ہوگا اور اس حلف نامے میں یہ تصدیق کرنی ہوگی کہ آپ کے پاس اپنے بچے / بچوں کی مکمل تحویل ہے کیونکہ آپ کے ملک میں کچھ ایسا ہوا ہے (مثلاً طلاق, شریک حیات کی موت) جس کے لئے کوئی سرکاری دستاویز نہیں ہے۔

- ✓ اگر آپ بنا ہمراہ/نابالغ ہیں توآپ کی درخواست نامزد نمائندے/ سرپرست کے ذریعہ جمع کی جاتی ہے۔

اپنے سفری دستاویزات کیسے حاصل کریں

اپنے سفری دستاویزات موصول کرنے کے لئے:

- ✓ آپ اپنے سفری دستاویزات مندرجہ ذیل میں سے **صرف ایک** پناہ کے ضلعی دفاتر- پناہ کے یونٹ سے موصول کرسکتے ہیں۔

1. **تھیسالونیکی میں سیاسی پناہ کا ضلعی دفتر**
2. **نیکیا میں آزاد سیاسی پناہ کا یونٹ**

- ✓ جب بھی نئے سفری دستاویزات تیار ہوتے ہیں تب اعلانات جاری کیے جاتے ہیں
- ✓ آپ کو اپنے کیس نمبر کا استعمال کرتے ہوئے تیار سفری دستاویزات (تیار سفری دستاویزات) کے حالیہ اعلانات کو دیکھنا چاہئے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ آیا آپ کا دستاویز تیار ہے اوراس کے ساتھ ساتھ وصول کرنے کے لیے وقت / دن کو بھی دیکھیں
- ✓ آپ کو اعلان میں درج مخصوص وقت ، دن اور جگہ پر پہنچنا ہوگا۔

- ✓ اپنے سفری دستاویز کو لینے کے لیے آپ کا خود آنا ضروری ہے۔
- ✓ جب آپ اپنا سفری دستاویز لینے کے لیے پناہ کے ضلعی دفتر یا آزاد سیاسی پناہ کے یونٹ میں جاتے ہیں تو **ماسک پہننا** لازمی ہے

جب آپ اپنے سفری دستاویزات لینے جاتے ہیں تو اپنے ساتھ مندرجہ ذیل کا موجود ہونا ضروری ہے:

- کاغذی ثبوت کہ آپ نے پاسپورٹ دفتر میں معاونی دستاویزات جمع کروائیں ہیں
- آپ کا رہائشی اجازت نامہ (AΔET) جو کارآمد ہے۔
- اگرآپ کے پاس رہائشی اجازت نامہ (AΔET) نہیں ہے تو بین الاقوامی تحفظ کےدرخواست دہندگان کا کارڈ جس پر "اجازت نامہ زیر التواء" لکھا ہواس کا ساتھ ہونا ضروری ہے